15-Sep-12

پریس ریلیز

عالمگیر ویلفیئر ٹرسٹ کی جانب سے بلدیہ متاثرین کی رجسٹریشن جاری ہے

کراچی ۔(پ ۔ر) عالمگیر ویلفیئر ٹرسٹ کے ترجمان شکیل دہلوی نے میڈیا کو سانحہ بلدیہ ٹاؤن کے حوالے سے تازہ بیان جاری کیا ہے جس کے مطابق بلدیہ آتشزدگی سے متاثرہ خاندانوں کیلئے رجسٹریشن کا سلسلہ جاری ہے۔عالمگیر ویلفیئر ٹرسٹ انٹرنیشنل نے ہنگامی کیمپ مرکزی دفتر میں قائم کیا ہے جہاں صبح 9 سے شام 6 بجے تک بلاتعطل متاثرین آکر اپنے کوائف کا اندراج کرارہے ہیں۔اس سلسلے میں رابطہ کیلئے 111-153-153 / 0333-2346116 اور **0333-2111645** نوٹ فرمالیں۔اس ضمن میں اب تک کئی خاندانوں کو راشن پیکج جس میں آٹا، دالیں، چاول، چائے، دودھ، دیگر اشیائے خورد نوش اور گوشت شامل ہے چھ ماہ تک فراہمی کیلئے کارڈ جاری کردیے گئے ہیں جبکہ رواں ماہ کیلئے راشن فراہم کردیا گیا ہے۔واضح رہے کہ رجسٹریشن کاؤنٹر اتوار کو بھی کھلا رہے گا۔

#

شکیل دہلوی
ڈائریکٹر تعلقات عامہ
0333-2111645